دریا پہ اُوٹھا شور علمدار علمدار

دریا پہ اُوٹھا شور علمدار علمدار
اے کربلا کے جعفر و طیّار علمدار
عبّاس عبّاس عبّاسِ علمدار

عبّاس توھے مذھبِ وفا کا پیمبر
عاشور کو تھا کشتیئے اِسلام کا لنگر
اِس طرح لڑے دشت ھے یاد آگے حیدر
اب تک ھے زمانے میں وہ جھنکار علمدار

مَعصُوم بھتیجي کا وہ مَظلُوم بہیشتي
کہنے لگا پاني بھي ھے مَظلُوم بہیشتي
جب مشك چھیدي نہر پہ تھي دھوم بہیشتي
ایسا نہ کوئي ھوگا وفادار علمدار

اے حضرةِ عبّاس اے سقّاءِ سكينه
اُمّ البني كا چاند تو حَاشِم كا نگينه
روتے هے تيري لاش په سلطانِ مدينه
مَظلُوم برادر كے مددگار علمدار

كيا خوب محبة ميں محبة كي كشِيش تهي
غازي كو پسند آئي تهي بهائي كي غُلامي
ايك جان بچي تهي وه بهي شبّير كو دے دي
اِك گل تها مگر لگتا تها گُلزار علمدار

يه پرچم اِسلام تو تقدير هے تيري
مجلس كے چراغو ميں بهي تنوير هے تيري
دريائے فُرات آج تو جاگير هے تيري
حق والو كي عِزّة كا تو حقدار علمدار

دریا کي ترائي پہ گِرے ھاتھ کے ٹکڑے
اُس وقت ھي ٹوٹے تھے فَلَك سے دوستارے
بھائي کي کمر جُھك گئي عبّاس کے مارے
اب ٹوٹ گیا صبر کا مینار علمدار

لائے حسین خیمے میں ھر ایك لاشہ
کیا بات تھي عبّاس کو دریا پہ ھي چھُوڑا
شرمندہ نہ ھو جائے جري اُسکا تھا صدمہ
خُدّار شہِ دین کے خُدّار علمدار

دُنیا میں غضنفر کا علم اُنچا رھیگا
پرچم یہ علمدار کا تو اُنچا رھیگا
دُنیا کو ھمیشہ کے لیئے کھتا رھیگا
محشر تلك حسین کي للکار علمدار

هر کام کے همراه تیرا نام هے باقي
جِس طرح هرایك صبح کي هرایك شام هے باقي
عبّاس تیرے نام سے اِسلام هے باقي
ایمان کي دهڑکن کا طلبگار علمدار

جو مانگنا هے مؤمنو عبّاس سے مانگو
مِنّت کي سواري لیئے دربار میں پهنچو
پُوري اگر هوني هے تو آؤ اے مُرادو
مَظلُوم و سیلے کي هے سرکار علمدار

اب کرب وبلا جانا هے عبّاس بُلاؤ
تقدیر کے مارون کو ذرا راه دِکهاؤ
دو گز زمین خاك شفاء میں تو مِلا دو
کر دیجئے شمشیر کو سر شار علمدار

*****